سوال

(197) مسجد میں محراب کی شرعی حیثیت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

کیا مسجد کا محراب دَورِ نبوی یا خلفائے راشدین سے ثابت ہے ؟ کیا مسجد میں ضروری ہے کہ محراب بھی بنایا جائے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علامہ شمس الحق عظیم آبادی نے عون المعبود: ۱۰/۱۸۰، میں بعض روایات نقل کی ہیں۔ جن سے مسجد میں محراب کے جواز کا استدلال کیا ہے اور ہمارے شیخ محدث روپڑی رحمہ اللہ بھی جواز کے قائل ہیں۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! فتاویٰ نذیریہ (۳۰۷/ا تا ۳۱۹)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب المساجد : صفحہ :193

محدث فتویٰ